© rasailojaraid.com





# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ھے

کتاب: ختم نبوت کورس مؤلف: بلال احمد خان

ضخامت: ۱۸۰ صفحات ناشر: المیزان ناشران وتاجران کتاب، الکریم مارکیٹ لاہور

جناب بلال احمد خان، عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے اپنے آپ کو وقف کیے ہوئے ہیں۔ وہ حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمہ اللہ کے شاگردِ رشید ہیں۔ مولانا مرحوم کی شدید خواہش تھی کہ سکول و کالج کے طلباء کو قادیانیت کے دجل وفریب سے آگاہ کرنے کے لیے ایک سادہ، عام فہم اور مختصر کتاب مرتب ہو جو نصاب کے طور پر انھیں پڑھائی جائے۔ جناب بلال احمد خان صاحب نے اپنے استاذِ مکرم کی اس خواہش کی نہایت احسن طریقے سے تکمیل کی ہے۔ اس کتاب سے عام آدمی بھی بآسانی استفادہ کر سکتے ہیں۔ پہلے حصے میں اسلام کے بنیادی عقائد، سیرت خاتم النبیین ﷺ، عقیدۂ ختم نبوت قرآن وحدیث سے، ختم نبوت اور انبیاء سابقین، ختم نبوت اور صحابہ، ختم نبوت اور اکابرِ امت، حضرت امام مہدی علیہ الرضوان، سیدنا عیسیٰ علیہ السلام، قرون اولیٰ اور موجودہ دور کے جھوٹے مدعیانِ نبوت، مرزا قادیانی کے حالات، گستاخیاں، جھوٹ، الہامات، مرزا کے فرشتے، دعاوی، پیش گوئیاں اور اُن کا انجام۔ تحریک تحفظ ختم نبوت اور اس سے متعلق جماعتیں اور چہل احادیث درج ہیں۔ دوسرے حصے میں ختم نبوت، امام مہدی اور سیدنا عیسیٰ علیہ السلام، فتنہ قادیانیت کے عنوانات پر سوالاً جواباً معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ ختم نبوت کورس ہمارے دینی مدارس اور سکول کالج کے طلباء کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس کتاب کو بطور نصاب پڑھانے کا اہتمام ہونا چاہیے۔ (تبصرہ: سید محمد کفیل بخاری)

کتاب: مقالات ختم نبوت مرتب: مولانا محبوب احمد

ضخامت: ۲۶۲ صفحات قیمت: درج نہیں ہے ناشر: المیزان ناشران وتاجران کتب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

مناظر اسلام مولانا منظور احمد چنیوٹی نے جو مضامین ومقالات ردّ قادیانیت پر مختلف اوقات میں تحریر فرمائے تھے۔ ان کے شاگردِ رشید مولانا محبوب احمد نے کتابی شکل میں یکجا کر کے قادیانیت کے دجل وفریب سے آگاہی حاصل کرنے کے متمنی حضرات کے لیے بیش بہا خزانہ مہیا کر دیا ہے۔ کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اس میں شامل مضامین اس شخص کے ہیں، جس نے پچاس برس قادیانیت کے تعاقب ومحاسبہ میں صرف کیے۔ مولانا منظور احمد چنیوٹی ؒ کے علمی کمالات، مشاہدات، تجربات اور مناظرانہ معرکوں کا جوہر اس کتاب میں موجود ہے۔ (تبصرہ: محمد اسحاق ظفر)

© rasailojaraid.com